الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دارالافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

| | | | |
|---|---|---|---|
| Name : | **Agha Saif** | Serial No : | **16876** |
| Address : | **Rawalpindi, Pakistan** | Date : | **9/3/2012** |
| Subject : | **JAIZ-NAJAIZ** | Contact No: | |
| Writer : | آفتاب | Email : | |

Assalam-0-Alaikum!
kisi ko karobar k liay paisey dena k us ka koi janney wala dosrey mulk mey karobar karta hai, us mey sey mahiney k bad profit lena, jis ko paisey diay ho us ney b apni ankh sey karobar ni dekha or wo har mahiney apna commision b leta ho,
(aj kal malasiya mey kuch ulma karam karobar kar rhey hai, un k ehbab yaha agent k toor par kam kartey hai jinhon ney apni ankh0n sey karobar ni dekha, or wo aik lakh par 5000 har mahiney detay hai, kabi 5000 sey ziyada ho jata hai kabi kam lekin 3% sey 5% hi oper neechay hota hai fix ni hai, start mey 4000 tha ab 5000 ho gya)..........
agent ka commision lena or jis k paisey ho us ka profit lena jaiz hai ya ni?

کسی کو کاروبار کیلئے پیسے دینا کہ اس کا کوئی جاننے والا دوسرے ملک میں کاروبار کرتا ہے۔ اس میں سے مہینے کے بعد پروفٹ لینا، جس کو پیسے دیئے ہوں اس نے بھی اپنی آنکھ سے کاروبار نہیں دیکھا اور وہ ہر مہینے اپنا کمیشن بھی لیتا ہو۔ آج کل ملائشیا میں کچھ علماء کرام کاروبار کر رہے ہیں ان کے احباب یہاں ایجنٹ کے طور پر کام کرتے ہیں جنہوں نے اپنی آنکھوں سے کاروبار نہیں دیکھا اور وہ ایک لاکھ پر ۵۰۰۰ ہر مہینے دیتے ہیں کبھی ۵۰۰۰ سے زیادہ ہو جاتا ہے کبھی کم لیکن ۳ فیصد سے ۵ فیصد ہی اوپر نیچے ہوتا ہے فکس نہیں ہے سٹارٹ میں ۴۰۰۰ تھا اب ۵۰۰۰ ہو گیا۔ ایجنٹ کا کمیشن لینا اور جس کے پیسے ہوں اس کا پرافٹ لینا جائز ہے یا نہیں؟۔

الجواب حامداً ومصلیاً

مذکورہ کاروبار اگر جائز اور حلال ہو اور شرعی اصولوں کے عین مطابق کیا جاتا ہو اور کام کرنے والے قابل اعتماد ہوں اور اس سلسلہ میں متعلقہ کمیشن ایجنٹ کے پاس تفصیلات بھی موجود ہوں تو اگرچہ اس نے اپنی آنکھوں سے کاروبار نہ دیکھا ہو تو تب بھی اس میں پیسہ لگانا اور اس سے نفع حاصل کرنا درست ہے ورنہ اس کاروبار کی تفصیل لکھ کر دوبارہ حکم شرعی معلوم کیا جاسکتا ہے

واللہ اعلم بالصواب

آفتاب احمد عفی عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۵ ربیع الاول ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۵ ربیع الاول ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
دارالافتاء جامعہ بنوریہ
ربیع الاول ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
دارالافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۵ ربیع الاول ۱۴۳۳ھ

دارالافتاء
۱۶۸۷۶